عوام ہندوستان کو غربت، بدعنوانی اور اقرباء پروری سے نجات دلائیں

کانگریس اور ایس پی نے یوپی کے مسلمانوں کیلئے کچھ نہیں کیا۔ وزیراعظم مودی کا علی گڑھ میں انتخابی جلسہ سے خطاب

علی گڑھ، 22/اپریل۔ (ایس این بی/ایجنسیز) کانگریس اور سماجوادی پارٹی کی بدعنوانی پر علی گڑھ کے لوگوں نے ایسا تالا لگایا ہے کہ دونوں شہزادے مل کر بھی اس کی چابی نہیں ڈھونڈ پارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نریندر مودی نے آج جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وہ آج علی گڑھ کے نمائش میدان میں علی گڑھ اور ہاتھرس پارلیمانی حلقوں کے اُمیدواروں کے حق میں ریلی سے خطاب کررہے تھے۔ نریندر مودی نے کہا کہ جب وہ گزشتہ بار علی گڑھ آئے تھے تو انہوں نے علی گڑھ کے عوام سے درخواست کی تھی کہ اتر پردیش سے سماجوادی اور ملک سے کانگریس کی بدعنوانی کو ختم کرنے میں مدد کریں۔ یہاں کے لوگوں نے اتنا مضبوط تالا لگایا ہے کہ اس کی چابی ہی نہیں مل رہی ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ملک کو غربت اور کرپشن سے پاک کیا جائے۔ اقربا پروری سے نجات دلائیں۔ کانگریس ہو یا سماجوادی پارٹی دونوں نے ہمیشہ خوشامد کی سیاست کی۔ مسلمانوں کے لیے کبھی کچھ نہیں کیا۔ پسماندہ مسلمانوں کے لیے کچھ نہیں کیا۔ تین طلاق کی وجہ سے بیٹیوں کی زندگیاں تباہ ہوگئیں۔ بیٹی ہی نہیں، پورا خاندان پریشان رہتا تھا۔ ہماری حکومت نے تین طلاق کا قانون بنا کر ان کے خاندان کی حفاظت کی ہے۔ ہم نے سعودی پرنس سے بات کرکے حج کا کوٹہ بڑھانے کا مطالبہ کیا۔ اب کوٹہ بڑھ گیا ہے، جس سے ہزاروں لوگوں کو فائدہ ملے گا۔ پہلے مسلمان مائیں اور بہنیں بغیر محرم کے اکیلے حج پر نہیں جاسکتی تھیں۔ ہم نے اس کی اجازت دلوائی۔ مجھے ہزاروں بہنوں کے فون آرہے ہیں کہ اس سے ہمیں بہت فائدہ ہوا ہے۔ نریندر مودی نے علی گڑھ سے اُمیدوار ستیش گوتم اور ہاتھرس سے اُمیدوار انوپ بالمیکی کیلئے ووٹ کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ یہاں کمل کے نشان کو دبائیں گے تو ووٹ براہ راست مودی کو جائیگا، آپ کسی کے چہرے پر ووٹ نہ کریں، بلکہ کمل کے نشان کو ہی ذہن میں رکھ کر ووٹنگ کریں۔ آج لاکھوں لوگوں کو مفت اور پورا راشن مل رہا ہے۔ علی گڑھ، ہاتھرس کے لاکھوں خاندانوں کا آیوشمان میں مفت علاج ہوا ہے۔ مودی کی گارنٹی ہے کہ ملک میں بزرگوں کا بھی مفت علاج ہوگا۔ مودی نے ضمانت دی ہے کہ 70 سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کا علاج مفت ہوگا۔ گھر مل رہا ہے، یہ سب کیسے ہورہا ہے؟ یہ مودی نے نہیں کیا، یہ آپ کے ایک ووٹ سے ہوا۔ آپ بھی اس کے حقدار ہیں۔ 10 سالوں میں جو کچھ کیا ہے، وہ ٹریلر ہے۔ ہمارے پاس ابھی بہت سارے کام باقی ہیں۔ پہلے علی گڑھ میں صرف اے ایم یو تھا، اب راجہ مہندر پرتاپ یونیورسٹی تعمیر کی جارہی ہے۔ آپ کا خواب میرا ہدف ہے۔ میرا ہر لحہ ملک کے نام۔ میرا ہدف 2047 ہے۔ اس اتحاد سے مایوسی ہوئی ہے۔ وہ لوگ کہتے ہیں کہ مودی ترقی یافتہ ہندوستان کی بات کیوں کرتے تھے۔ وہ تیسری معاشی طاقت کی بات کیوں کرتے ہیں؟۔ وزیراعظم نے کہا کہ کانگریس عوام کو لوٹنے کو اپنا پیدائشی حق سمجھتی ہے۔ کانگریس کبھی بھی ڈیفنس کوریڈور کی تعمیر نہیں کرپاتی۔ اب ملک فوج کا بڑا مرکز بننے جارہا ہے۔ وہ لوگ، جو یوگی جی کو بلڈوزر سے پہچانتے ہیں۔ یوگی جی نے اتنی ترقی کی ہے، جتنا پہلے کبھی نہیں ہوئی۔ آنے والے دنوں میں علی گڑھ میں بھی میزائل بنایا جائے گا۔ ڈیفنس کوریڈور کیساتھ گڈز ٹرینوں کیلئے الگ راستے بنائے گئے ہیں۔ اس سے دیگر صنعتوں کو فائدہ ہوگا۔ آپ کے نزدیک چھوٹی صنعتیں ترقی یافتہ ہندوستان کی توانائی ہیں۔ تالا اور ہینگ سب کو عروج دے رہے ہیں اب ہم 20 لاکھ روپے تک کا قرض دیں گے۔ اس موقع پر اتر پردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات کا پہلا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے۔ لوک سبھا کی 102 سیٹوں پر ملک کے لوگوں میں جوش وخروش دیکھا گیا ہے۔ عوام نے وزیراعظم کے 10 سالہ کام کو ووٹ دیا ہے۔ ملک ترقی کررہا ہے، ہندوستان ترقی کررہا ہے۔ اب ہمیں لوک سبھا انتخابات سے واپسی کا تحفہ دیا گیا ہے۔

سیاچن، ہمت، حوصلہ اور عزم کا دارالحکومت

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بلند ترین میدان جنگ سیاچن میں سیکورٹی کی صورتحال کا جائزہ لیا



نئی دہلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے پیر کو دنیا کے بلند ترین میدان جنگ سیاچن کا دورہ کیا اور سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیر دفاع نے خراب موسم میں ناقابل رسائی علاقوں میں تعینات فوجیوں سے بھی بات چیت کی۔ ان کے ساتھ آرمی چیف جنرل منوج پانڈے، جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف، شمالی کمان کے لیفٹیننٹ جنرل ایم وی سچیند را کمار اور جنرل آفیسر کمانڈنگ 14 کور لیفٹیننٹ جنرل رشیم بالی بھی تھے۔ علاقے کے فضائی سروے کے بعد وزیر دفاع 15,100 فٹ کی بلندی پر ایک فارورڈ پوسٹ پر اترے جہاں انہیں سیاچن گلیشیئر میں آپریشنل تیاریوں اور موجودہ سیکورٹی صورتحال کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں۔ انہوں نے کمانڈروں کے ساتھ آپریشنل چیلنجز سے متعلق پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ فوجیوں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر سنگھ نے ان کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے نامساعد حالات میں بہادری اور عزم کے ساتھ مادر وطن کا دفاع کیا۔ انہوں نے کہا کہ قوم ہمیشہ مسلح افواج کی مقروض رہے گی کیونکہ ان کی قربانیوں کی وجہ سے ہر شہری اپنے آپ کو محفوظ محسوس کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پرامن زندگی گزار رہے ہیں کیونکہ ہمیں یقین دلایا گیا ہے کہ ہمارے بہادر سپاہی سرحدوں پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ آنے والے وقت میں جب قومی سلامتی کی تاریخ لکھی جائے گی تو برفانی سرد گلیشیئر میں ہمارے فوجیوں کی بہادری اور قوت ارادی کے کارناموں کو فخر سے یاد رکھا جائے گا۔ یہ آنے والی نسلوں کے لیے ہمیشہ ایک تحریک رہے گی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ سیاچن کوئی عام سرزمین نہیں ہے بلکہ ہندوستان کی خودمختاری اور عزم کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح دہلی ہندوستان کی قومی راجدھانی ہے، ممبئی مالیاتی دارالحکومت ہے اور بنگلور ٹیکنالوجی کی راجدھانی ہے، اسی طرح سیاچن ہمت، حوصلہ اور عزم کی دارالحکومت ہے۔ قوم نے حال ہی میں آپریشن میگھدوت کی کامیابی کی 40 ویں سالگرہ منائی۔ وزیر دفاع نے 'آپریشن میگھدوت کی کامیابی ہم سب کیلئے 13 اپریل 1984 کو سیاچن میں ہندوستانی فوج کی جانب سے شروع کیے گئے اس آپریشن کو ملک کی عسکری تاریخ کا ایک سنہرا باب قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ملک کے لیے فخر کی بات ہے۔ اس موقع پر وزیر دفاع نے سیاچن وار میموریل پر پھولوں کی چادر چڑھا کر مادر وطن کی خدمت میں عظیم قربانیاں دینے والے بہادر جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ خیال رہے کہ مسٹر سنگھ نے 24 مارچ 2024 کو لیہہ کا دورہ کیا تھا اور فوجیوں کے ساتھ ہولی منائی تھی۔ انہیں نے سیاچن کا دورہ کرنا تھا لیکن موسم کی خرابی کے باعث اسے ملتوی کر دیا گیا۔ لیہہ سے وزیر دفاع نے سیاچن میں تعینات فوجیوں سے فون پر بات کی اور انہیں بتایا تھا کہ وہ جلد ہی دنیا کے بلند ترین میدان جنگ کا دورہ کریں گے اور ان سے بات چیت کریں گے۔

سری نگر میں کئی مقامات پر این آئی اے کے چھاپے

سری نگر، 22/اپریل (یو این آئی) قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے پیر کی صبح سری نگر میں کئی مقامات پر چھاپے مارے۔ یہ چھاپے ملی ٹینسی فنڈنگ کیس کے سلسلے میں مارے جارہے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ این آئی اے نے جموں وکشمیر پولیس اور سی آر پی ایف اہلکاروں کے ہمراہ پیر کی صبح سری نگر کے نو مقامات پر چھاپے مارے۔ آخری اطلاعات موصول ہونے تک چھاپہ مار کارروائیاں جاری تھیں۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

وزیر دفاع کا دورہ لداخ

سری نگر، 22اپریل (یو این آئی) مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اپنے یک روزہ دورے پر لداخ پہنچے۔ فوج کے سینئر آفیسران نے لداخ ہوائی اڈے پر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیر دفاع سیدھے دنیا کے بلند ترین محاذ سیاچن روانہ ہوئے جہاں پر وہ جوانوں کیساتھ ملاقی ہونگے۔ وزیر دفاع اپنے دورے کے دوران حقیقی کنٹرول لائن کی صورتحال کے بارے میں بھی آگاہی حاصل کریں گے۔

آئین میں تبدیلی سے عوام کے حقوق کمزور ہوں گے: پرینکا

نئی دہلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے مرکز کی مودی حکومت اور بی جے پی پر سخت حملہ کیا ہے۔ پرینکا گاندھی نے آئین میں تبدیلی کے معاملے پر وزیراعظم نریندر مودی اور پوری بی جے پی پر سوال اٹھائے ہیں۔ وزیراعظم مودی بیک فٹ پر ہیں، بی جے پی لیڈر روز وزیراعظم کی رضامندی کے بغیر آئین میں تبدیلی کی بات نہیں کرسکتے۔ دراصل آئین میں تبدیلی سے عوام کے حقوق کمزور ہوں گے۔ نیوز پورٹل اے بی پی نیوز سے بات کرتے ہوئے پرینکا نے حال ہی میں تیجسوی یادو کے ایک ویڈیو کے بعد بی جے پی کے ذریعے پیدا کیے جانے والے ہنگامے پر بھی تبصرہ کیا۔ بی جے پی کو گوشت اور مچھلی کی نہیں بے روزگاری کی بات کرنی چاہئے۔ اتوار (21 اپریل) کو راج ناندگاؤں میں انتخابی مہم پر پہنچیں پرینکا گاندھی نے امت شاہ پر بھی سنگین الزامات لگائے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی بیٹی سے ملنے بیرون ملک گئی تھی، امت شاہ میری جاسوسی کراتے ہیں۔ پرینکا گاندھی نے پہلے مرحلے کی ووٹنگ پر بھی کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم توقعات سے بہتر کام کررہے ہیں، پہلا مرحلہ ہمارے لیے اچھا تھا۔ پہلے مرحلے سے متعلق اشارے سے بی جے پی کے حوصلے پست ہوگئے ہیں۔ پرینکا گاندھی نے انتخابی بانڈ کے بارے میں بھی بات کی۔ پی ایم مودی مسلسل اس کا دفاع کررہے ہیں۔ اگر آپ اسے شفاف کہہ رہے ہیں تو لوگوں کو سوچنے کی ضرورت ہے۔ اگر یہ شفاف نظام تھا تو سب کچھ خفیہ کیوں؟ سپریم کورٹ کے پانچ ججوں نے اسے منسوخ کردیا ہے۔ اس کا صاف مطلب ہے کہ یہ غلط تھا اور بی جے پی عوام سے مسلسل جھوٹ بول رہی ہے۔ پرینکا گاندھی نے بی جے پی کے 400 پار کے نعرے پر بھی تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ آپ کیسے کہہ رہے ہیں کہ آپ 400 پار کیسے کہہ رہے ہیں، کیا آپ کوئی جیوتشی ہیں یا کوئی گڑ بڑ ہے؟ انڈیا الائنس کی کامیابی کے بعد وزیراعظم کے عہدے سے متعلق پوچھے سوال کا جواب دیتے ہوئے پرینکا گاندھی نے کہا کہ جیت کے بعد تمام پارٹیاں مل کر وزیراعظم کا فیصلہ کریں گی۔

مہاراشٹر کے اقلیتوں کیساتھ ناانصافی نہیں ہوگی

این سی پی نے آئیڈیالوجی سے سمجھوتہ نہیں کیا۔ نائب وزاعلی اجیت پوار کا انتخابی جلسہ سے خطاب

ممبئی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (این سی پی_اجیت) نے آج یہاں جنوبی ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم کے گروارے کلب میں منعقدہ ایک تقریب میں لوک سبھا انتخابات کے لیے انتخابی منشور جاری کرتے ہوئے نائب وزاعلی اور سربراہ اجیت پوار نے کہا کہ این سی پی نے اپنی آئیڈیالوجی سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا ہے بلکہ ملک اور خصوصی طور پر مہاراشٹر کی ترقی اور بہتری کے لیے صرف بی جے پی حکومت کی حمایت کی۔ اقلیتی فرقے سے کوئی ناانصافی نہیں ہوگی۔ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار، قومی کارگزار صدر ایم پی پرفل پٹیل، ریاستی صدر ایم پی سنیل تٹکرے، سینئر لیڈر راور فوڈ اینڈ سیول سپلائیز کے وزیر چھگن بھجبل، میڈیکل ایجوکیشن کے وزیر حسن مشرف، ریلیف اور باز آبادکاری کے وزیر انل پاٹل، وزیر زراعت دھننجے منڈے، خواتین و چائلڈ ڈیولپمنٹ کے وزیر ادیتیتائی تاٹکرے، اسمبلی کے نائب اسپیکر نرہاری جروال، سابق ایم ایل اے بابا صدیقی، اقلیتی شعبہ کے چیئرمین وغیرہ منچ پر موجود تھے۔ این سی پی کے ریاستی صدر ایم پی سنیل تٹکرے نے کانگریس لیڈر اور سابق ایم ایل سی مشتاق انتولے کے پارٹی میں شامل ہونے کا اعلان کیا۔ اجیت پوار نے 'راشٹریہ وادی پارٹی راشٹر کے لیئے' کا نعرہ لگاتے ہوئے اور شیوسینا ادھوٹھاکرے پر شدید نکتہ چینی کی اور کہا کہ ہم سب کا ساتھ، سب کا وکاس کی مودی حکومت کی پالیسی کی حمایت کرتے ہیں، لیکن ہم اپنی آئیڈولوجی سے کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اقلیتوں اور خصوصاً مسلمانوں کی فلاح و بہبود اور مختلف شعبوں اور تعلیمی میدان میں ترقی کے لیے ہرممکن تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ این سی پی ریاست میں سماجی انصاف، اقلیتوں دیگر پسماندہ طبقات اور مسلمانوں کے لیے اہم اقدامات کرے گی۔ اجیت پوار کے مطابق ہم یہ سب ذات پات، فرقہ بندی، مذہب، تفریق سے بالاتر ہو کر 'انسانیت' کے طور پر کریں گے اور جینے کا حق اور مساوات ان کی پارٹی کی سوچ ہے۔ پارٹی مساوات، بھائی چارہ اور اتحاد پر یقین رکھتی ہے۔ اجیت پوار نے انتخابی منشور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ این سی پی ساہنے گروجی کی سوچ پر یقین رکھتی ہے کہ 'محبت کا پیغام ہی کھرا دھرم ہے۔ اور اس کے ذریعہ دنیا کو پیار پیش کرنا چاہئے'۔ سماج کے پسماندہ اور بہوجن طبقے کو سماج کے مرکزی دھارے میں لانا ہمارا فرض ہے۔ ہم اس بات پر زور دیتے رہیں گے کہ ذات کے لحاظ سے مردم شماری کرائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ قومی سطح پر مولانا آزاد ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے لیے ہماری کوششیں جاری رہیں گی۔ اس ادارے کے ذریعے ہم فنڈز فراہم کریں گے اور اقدامات پر عمل درآمد کریں گے تاکہ اقلیتی برادریوں کے طلباء کو اعلیٰ تعلیم، صنعت اور روزگار کے مواقع مل سکیں۔

مُشتاق انتولے، این سی پی اجیت میں شمولیت

مہاراشٹر کی ترقی و بہتری کے لیے لیا گیا فیصلہ

ممبئی، 21، اپریل۔ (ایجنسیز) کانگریس لیڈر اور انجمن اسلام کے نائب صدر مشتاق انتولے نے راشٹر وادی کانگریس (این سی پی اجیت) میں آج دوپہر شمولیت اختیار کی، سابق ایم ایل سی اور مہاراشٹر پالیوشن کنٹرول بورڈ کے سابق چیئرمین مشتاق انتولے مہاراشٹر کے سابق وزیراعلی اور ممتاز سیاسی رہنما بیرسٹر عبدالرحمان انتولے کے داماد اور بھتیجے بھی ہیں۔ اس موقع پر نائب وزیراعلی اجیت پوار بھی جلسہ میں شرکت کی۔ اس سے قبل قومی کارگزار صدر پرفل پٹیل نے ان کے این سی پی میں شامل کرنے کا پروانہ دیا، جبکہ کابینی وزیر چھگن بھجبل، ریاستی صدر اور رائے گڑھ کے امیدوار سنیل تٹکرے، وزیر حسن مشرف، اقلیتی شعبہ کے قومی صدر ایڈوکیٹ سید جلال الدین، کوکن بینک کے سابق چیئرمین علی ایم شمسی، واصف غلام امام، دھنجیہ منڈے، وغیرہ شامل رہے۔ یہاں این سی پی کا انتخابی منشور جاری کیا گیا۔ مشتاق انتولے نے کہا کہ مہاراشٹر اور خصوصی طور پر ملک کی ترقی اور بہتری کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے سنیل تٹکرے کے ذریعے مرحوم عبدالرحمٰن انتولے کی سیاسی کارکردگی اور ایک منتظمین کی حیثیت سے یاد کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ مرحوم انتولے نے مہاراشٹر کی ترقی اور بہتری کے لیے جو کیا ہے اس کے لیے انہیں ہمیشہ یاد کیا جائے گا۔

لوک سبھا انتخابات' جموں وکشمیر کی آواز، نئی دہلی تک پہنچانے کی جنگ

سری نگر، 21، اپریل۔ (ایجنسیز) پی ڈی پی صدر اور سابق وزیراعلیٰ محبوبہ مفتی کا کہنا ہے کہ لوک سبھا الیکشن جموں وکشمیر کی آواز کو نئی دہلی تک پہنچانے کی لڑائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتخابات نیشنل کانفرنس اور پی ڈی پی کے درمیان لڑائی نہیں ہے۔ پی ڈی پی صدر نے ان باتوں کا اظہار پیر کے روز جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں ایک انتخابی ریلی کے حاشیے پر نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ الیکشن عمر صاحب اور میرے درمیان لڑائی نہیں ہے بلکہ جموں وکشمیر کے لوگوں کی آواز کو نئی دہلی تک پہنچانے کی لڑائی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس الیکشن کے دوران لوگ صحیح فیصلہ کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ مجھے پیر پنچال سے اطلاعات موصول ہورہی ہیں کہ وہاں کے لوگ یہ بات سمجھتے ہیں کہ انہیں ایک ایسی آواز کی ضرورت ہے جو دہلی میں برسر اقتدار طاقتوں کے خلاف کھڑی ہو۔ انہوں نے کہا کہ میں گزشتہ 5 برسوں سے لوگوں کی بات کرتی ہوں ہم سے دفعہ 370 چھین لیا گیا یہ فیصلہ جموں وکشمیر کے لوگوں کو قابل قبول نہیں ہے، ہم اس فیصلے کیخلاف کھڑے ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پتھر اور بندوق سے لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا ہے لوگوں نے جب سال 2002 میں مرحوم مفتی محمد سعید صاحب کو ووٹ دئے تو انہوں نے ٹاسک فورس کو ختم کیا، پوٹا کو ہٹایا و ربات چیت کا سلسلہ شروع کرایا۔ محبوبہ مفتی نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ 7 مئی کو نکل کر اپنے ووٹ کا استعمال کریں۔

آئین کو لاحق خطرہ سے بچانے قیادت کو کریں تسلیم: ڈاکٹر ایوب

پرتاپ گڑھ، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) پارلیمانی انتخاب میں مختلف سیاسی پارٹیاں خصوصی طور سے انڈیا اتحاد جمہوریت و آئین کی پاسداری کے لئے میدان میں نہیں ہیں، بلکہ وہ اپنے نجی مفاد کے لئے لوگوں خصوصی طور سے مسلمانوں کو گمراہ کررہیں ہے، جبکہ پیس پارٹی آئین و جمہوریت کو لاحق خطرے سے بچانے کیلئے مسلسل جدوجہد کررہی ہے۔ یہ پارلیمانی انتخاب مسلم سماج کے لئے ایک امتحان سے کم نہیں ہے، اگر اس نے ذرا سی بھی سیاسی بیداری سے کام نہ لیا تو اس کو مزید خسارہ کا سامنا کرنا پڑے گا، اسلئے مسلم سماج اپنی حصہ داری و آئین و جمہوریت کو لاحق خطرے سے بچانے، اور اپنی حصہ داری کیلئے اپنی قیادت کو تسلیم کرے۔ پیس پارٹی کے قومی صدر ڈاکٹر ایوب سرجن نے آئین و جمہوریت کے لاحق خطرے کے متعلق تبصرہ کرتے ہوئے مذکورہ تاثرات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر ایوب سرجن نے کہا کہ اس پارلیمانی انتخاب میں ایک جانب انڈیا اتحاد تو دوسری جانب بی ایس پی بڑے بڑے دعوے کررہی ہے، مگر ملک کی سب سے بڑی اقلیتی طبقے مسلمانوں کے حقوق و حصہ داری کی کوئی بات نہیں کررہا رہا، سبھی پارٹیاں ان کے ووٹ حاصل کرنے کیلئے گمراہ کرنے کا کام کررہی ہیں۔ کانگریس وہ پارٹی ہے جس نے مسلمانوں کو اپنے دورے اقتدار میں دلتوں سے زیادہ پسماندہ بنیایا، اور میرٹھ، ملیانہ، بھاگل پور و نیلی آسام تک کا ایسا درد دیا جس کو کبھی بھلایا نہیں جاسکتا، جبکہ سماج وادی پارٹی نے مسلمانوں کے صد فیصد ووٹ حاصل کر اقتدار میں آئی اور ملازمت میں سات فیصدی یادو کو صد فیصد ملازمت پر فائز کیا۔

کولگام میں 2 منشیات فروش گرفتار

سری نگر، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) منشیات کے خلاف جنگ کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران 2 منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کی تحویل سے ممنوعہ مواد برآمد کیا ہے۔ گرفتار شدگان کی شناخت مختار احمد ملک ولد عبدالخالق ملک ساکن ناگام اور آکاش بشیر ولد بشیر احمد موچھی ساکن منڈ کے طور پر کی گئی ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اسٹیشن دمہال ہانجی پورہ کی ایک پولیس ٹیم نے ناکہ چیکنگ کے دوران کوثر بال کراسنگ پر ایک مشکوک شخص کو روکا جس نے ایک پالی تھین بیگ اٹھا رکھا تھا۔ تلاشی کے دوران بیگ سے 8 سو گرام چرس پاؤڈر اور 130 گرام چرس جیسا مواد برآمد کیا گیا جسکے بعد اس شخص کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار شدہ کی شناخت مختار احمد ملک ولد عبدالخالق ملک ساکن ناگام کے طرپر کی گئی۔

بریلی: ایس پی امیدوار سمیت 2 پر ایف آئی آر درج

بریلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) بریلی میں آنولہ لوک سبھا سیٹ پر بی ایس پی امیدوار بتا کر نامزدگی کرنے والے مبینہ امیدوار ستیہ ویر سنگھ و آنولہ سے سپا امیدوار سے ایس پی امیدوار نیرج موریہ پر مختلف دفعات میں اتوار کی رات ایف آئی آر درج ہوئی ہے۔ یہ ایف آئی آر آنولہ لوک سبھا سیٹ سے بی ایس پی امیدوار عابد علی نے کوتوالی تھانے میں درج کرائی گئی ہے۔ الزام ہے کہ ایس پی امیدوار نے ہی بی ایس پی کے خلاف سازش کے تحت ستیہ ویر سنگھ سے فرضی دستاویزات تیار کراکر بی ایس پی امیدوار کی شکل میں نامزدگی کرائی تھی۔ وہیں بریلی سیٹ پر بی ایس پی امیدوار چھوٹے لال گنگوار کا پرچہ نامزدگی منسوخ ہونے پر بی ایس پی ڈویژنل کوآرڈینیٹر برہا سوروپ ساگر اور ضلع صدر راجیو کمار سنگھ کو پارٹی سے نکال دیا ہے۔ سرکل افسر اول پنکج شریواستو نے بتایا کہ آنولہ لوک سبھا سیٹ سے بی ایس پی امیدوار عابد علی کی شکایت پر ستیہ ویر سنگھ و آنولہ سے ایس پی امیدوار نیرج شرما کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دستاویزات کی جانچ کی بنیاد پر معاملے میں آگے کی کاروائی کی جائے گی۔ بی ایس پی نے عابد علی کو آونلہ سیٹ پر اپنا امیدوار بنایا ہے۔ بریلی سیٹ سے سابق ایم ایل اے چھوٹے لال گنگوار کو امیدوار بنایا گیا ہے۔ دونوں نشستوں پر کاغذات نامزدگی جمع کرائے گئے۔ لیکن آونلہ سیٹ پر مبینہ ستیہ ویر سنگھ نے خود کو بی ایس پی کا امیدوار بتاتے ہوئے پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ جب 20 اپریل کو اس معاملے میں تحقیقات کی گئی تو بی ایس پی سے بریلی کے امیدوار چھوٹے لال گنگوار کی نامزدگی منسوخ کردی گئی کیونکہ ان کے مکمل کاغذات نہیں ملے۔

مالیگاؤں بم دھماکہ: سپریم کورٹ کا ایک بار پھر ٹرائل پر اسٹے دینے سے انکار

نئی دہلی، 22/اپریل۔ (ایجنسیز) 2008 مالیگاؤں بم دھماکہ معاملے میں آج ایک اہم پیش رفت ہوئی جب سپریم کورٹ کی دورکنی بنچ نے ملزم سمیر کلکرنی کی عرضی پر سماعت کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کی کارروائی پر کسی بھی طرح کا اسٹے دینے سے انکار کردیا اور سمیر کلکرنی کی عرضی پر ایک ہفتہ بعد حتمی سماعت کئے جانے کا حکم جاری کیا۔ یہ اطلاع جمعیۃ علمائے ہند کی جاری کردہ ریلیز میں دی گئی ہے۔ یہ دوسرا موقع ہے جب سپریم کورٹ نے ملزم کی ٹرائل پر اسٹے دینے کی درخواست کو مسترد کردیا۔ سپریم کورٹ کی دورکنی بنچ کے روبرو ملزم سمیر کلکرنی کی جانب سے داخل عرضی جس میں اس نے دعویٰ کیا ہے کہ خصوصی این آئی اے عدالت یو اے پی اے قانون کے اطلاق کے لئے ضروری خصوصی اجازت نامہ یعنی کے سیکشن کے بغیر مقدمہ کی سماعت کررہی ہے جو غیر قانونی ہے پر سماعت عمل میں آئی جس کے دوران سمیر کلکرنی کے وکیل وشنوشنکر جین نے عدالت سے گزارش کی کہ وہ ٹرائل کورٹ میں یومیہ کی بنیاد پر جاری سماعت پر اسٹے دے۔ ایڈووکیٹ وشنوشنکر جین نے عدالت سے گذارش کی کہ جب تک سپریم کورٹ ملزم کی عرضی پر فیصلہ صادر نہیں کردیتی، ٹرائل کورٹ کی کارروائی پر اسٹے دیا جائے۔ سمیر کلکرنی کے وکیل کی مخالفت بم دھماکہ متاثرین کی جانب سے نمائندگی کرنے والے جمعیۃ علماء مہاراشٹر (ارشد مدنی) کی کے سینئر ایڈووکیٹ گورو اگروال نے کی اور عدالت کو بتایا کہ مقدمہ آخری مراحل میں داخل ہوچکا ہے لہٰذا عدالت کو مقدمہ کی سماعت پر اسٹے نہیں دینا چاہئے۔ گورو اگروال نے عدالت کو مزید بتایا کہ بم دھماکہ متاثرین گزشتہ 16/ سالوں سے انصاف کے منتظر ہیں۔ اسی درمیان قومی تفتیشی ایجنسی نے بھی سمیر کلکرنی کی عرضی کی مخالفت کرنے کیلئے حلف نامہ داخل کیا اور عدالت سے بحث کرنے کیلئے وقت طلب کیا۔ آج دوران سماعت عدالت میں بم دھماکہ متاثرین کی جانب سے، ایڈووکیٹ آن ریکارڈ جارج تھامس اور ایڈوکیٹ شاہد ندیم بھی موجود تھے۔ فریقین کے دلائل کی سماعت کے بعد دورکنی بنچ نے ملزم سمیر کلکرنی کی عرضی پر سماعت اگلے ہفتہ کئے جانے کا حکم جاری کیا۔

خاتون کی عصمت دری خواتین کمیشن کی کرناٹک پولیس کو نوٹس

نئی دہلی، 22، اپریل۔ (ایجنسیز) خواتین سے متعلق قومی کمیشن نے کرناٹک میں ایک خاتون کی عصمت دری اور جبری تبدیلی مذہب کے معاملے پر ریاستی پولیس کو نوٹس بھیج کر تین دن کے اندر جواب دینے کو کہا ہے۔ خواتین کمیشن نے پیر کو یہاں کہا کہ کرناٹک میں 28 سالہ ایک خاتون کی عصمت دری اور جبری تبدیلی مذہب کی خبریں میڈیا میں آرہی ہیں جو کہ انتہائی تشویشناک اور قابل مذمت ہے۔ خواتین کمیشن نے کہا کہ یہ واقعہ قابل مذمت ہے اور کمیشن اس کا از خود نوٹس لے رہا ہے۔ کمیشن کی چیئر پرسن ریکھا شرما نے اس سلسلے میں ریاستی پولیس کے ڈائریکٹر جنرل کو خط لکھا ہے اور تین دن کے اندر کارروائی کی رپورٹ بھیجنے کو کہا ہے۔ کرناٹک میں خواتین کے جبری تبدیلی مذہب کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور کمیشن اس پر تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ حال ہی میں ایک نوجوان خاتون کو قتل کردیا گیا اور اس کی وجہ یہ بتائی گئی کہ اس نے دوسرے مذہب کے آدمی سے شادی کرنے سے انکار کردیا تھا۔

بی جے پی، دھوکہ باز جماعت: شیوپال



فرخ آباد، 22، اپریل۔ (ایجنسیز) سماج وادی پارٹی کے جنرل سکریٹری شیوپال سنگھ یادو نے پیر کو کہا کہ بی جے پی دھوکے باز پارٹی ہے۔ ضلع ہیڈکوارٹر سے تقریباً 22 کلومیٹر دور قصبہ محمد آباد روہلا چوراہے کے نزدیک انڈیا اتحاد ایس پی امیدوار ڈاکٹر نول کشور شاکیہ کی حمایت میں منعقد انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی جے پی دھوکے بازی پارٹی ہے اور اس دھوکے باز پارٹی نے ملک وریاست کی عوام کو گمراہ کرنے کے علاوہ عوام کے مفاد میں کوئی کردار نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف عوام کو پریشان کیا گیا اس لئے اس الیکشن میں بی جے پی پوری طرح سے بوکھلانے لگی ہے۔ جن سنگھ پارٹی کے پرانے لوگ ہی بی جے پی کے ہیں، کا ذکر کرتے ہوئے سپا جنرل سکریٹری نے الزام لگایا کہ بی جے پی کے لوگ جھوٹے ہیں انہوں نے جتنے کام کئے ہیں وہ سب ملکی مفاد میں نہیں ہے۔ اس الیکشن میں بی جے پی کی وداعی کو یقینی ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام کو پریشان کرنے والی حکومت کو اکھار پھینکنے والا یہ الیکشن قومی مفاد میں انڈیا اتحاد کو جتانا بہت ضروری ہے۔

اکھلیش نے بھتیجے تیج پرتاپ کو دیا قنوج کو واپس لانے کا ذمہ



اٹاوہ/قنوج، 22، اپریل۔ (ایجنسیز) ایس پی صدر اکھلیش یادو نے قنوج کی سیٹ پر تعطل ختم کرتے ہوئے پارٹی کی روایتی سیٹ کو واپس پانے کے لئے اپنے بھتیجے تیج پرتاپ یادو کو امیدوار بنا کر ان پر اعتماد کا اظہار کیا۔ تیج پرتاپ کے سابق وزیر اعلیٰ لالو پرساد یادو کے داماد ہیں۔ عطر نگری میں ان کا مقابلہ بی جے پی کے موجودہ ایم پی سبرت پاٹھک اور بی ایس پی کے عمران سے ہوگا۔ سال 1999 میں ملائم سنگھ یادو کے قنوج سے الیکشن جیتنے کے بعد سال 2000 سے 2009 تک لگاتار تیسری بار اکھلیش یادو ایم پی رہے۔ سال 2012 میں ڈمپل یادو بلا مقابلہ ایم پی منتخب کی گئیں۔ اسکے بعد سال 2014 میں بھی ڈمپل نے جیت درج کی۔ 2019 میں بی جے پی امیدوار سبرت پاٹھک نے ڈمپل کو ہرا کر ایس پی کے قلعہ میں سیندھ ماری کی تھی۔ قنوج پارلیمانی سیٹ سے جن تیج پرتاپ یادو کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔

اتراکھنڈ بورڈ کا 30 اپریل کو نتیجہ

نینی تال، 22، اپریل۔ (ایجنسیز) اتراکھنڈ بورڈ کے امتحان کا نتیجہ 30 اپریل کو جاری کیا جائے گا۔ مارکس امپروومنٹ II کے نتائج کا اعلان بھی اسی دن کیا جا سکے گا۔ یہ فیصلہ پیر کو رام نگر میں ہوئی اتراکھنڈ اسکول ایجوکیشن کونسل کی رزلٹ کمیٹی کی میٹنگ میں لیا گیا۔ بورڈ کے چیئرمین مہاویر سنگھ بشت کے مطابق ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے نتائج 30 اپریل کو جاری کیے جائیں گے۔ کمیٹی صبح 11.30 بجے نتیجہ جاری کرے گی۔ مارکس امپروومنٹ (II کا نتیجہ بھی اسی دن اعلان کیا جائیگا۔ اس سال دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات میں دو لاکھ سے زیادہ امیدوار شامل ہوئے ہیں۔

لکھی سرائے میں سڑک حادثہ 4 باراتیوں کی موت، ایک زخمی

لکھی سرائے، 22، اپریل۔ (ایجنسیز) بہار میں لکھی سرائے ضلع کے مانک پور پولیس آؤٹ پوسٹ علاقے میں پیر کو ایک ٹرک کی زد میں آنے سے چار باراتیوں کی موت ہوگئی اور دیگر ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس نے یہاں بتایا کہ دو بائک پر سوار پانچ افراد شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے رشی پہاڑ گاؤں جا رہے تھے۔ اس دوران بھوانی پور گاؤں کے قریب نیشنل ہائی وے نمبر 80 پر ایک تیز رفتار ٹرک نے دونوں بائک کو ٹکر ماردی۔

پتھوراگڑھ میں سڑک حادثہ چار افراد ہلاک

پتھوراگڑھ/نینی تال، 22، اپریل۔ (ایجنسیز) اتراکھنڈ کے پتھوراگڑھ میں پیر کی صبح ایک سڑک حادثے میں چار لوگوں کی موت ہوگئی۔ پتھوراگڑھ کے رہنے والے آٹھ افراد آج صبح ایک شادی کی تقریب میں شرکت کے بعد واپس آرہے تھے۔ دریں اثناء انچولی علاقے میں ادولی کے قریب ان کی گاڑی بے قابو ہوکر 200 میٹر گہری کھائی میں جاگری۔ حادثے میں چار افراد ہلاک ہو گئے۔ اطلاع ملنے کے بعد ریاستی ڈیزاسٹر مینجمنٹ فورس کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی۔ مقامی لوگوں کی مدد سے زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا۔

نامعلوم افراد کا حملہ، یوپی کابینہ کے وزیر زخمی۔ 4 افراد گرفتار

سنت کبیر نگر، 21، اپریل۔ (ایجنسیز) سنت کبیر نگر میں ایک شادی کی تقریب میں دیر رات شرکت کیلئے گئے نشاد پارٹی کے قومی صدر اور کابینی وزیر سنجے نشاد اور ان کے حامیوں پر نامعلوم افراد نے حملہ کردیا۔ اس حملے میں وزیر سنجے نشاد زخمی ہو گئے۔ اس سلسلے میں 4 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اس حملے پر پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ پروین نشاد و پارٹی کے تینوں ایم ایل اے سخت ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے ضلع اسپتال پہنچے اور حملہ آوروں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اس واقعہ کے حوالے سے سنجے نشاد کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے ایک پوسٹ کی گئی ہے جس میں لکھا گیا ہے کہ 'سنت کبیر نگر محمد پور کٹھار کے یادوؤں نے ماہی گیری کے وزیر اور نشاد پارٹی کے قومی صدر ڈاکٹر سنجے نشاد پر حملہ کیا ہے۔' بتایا جارہا ہے کہ سنجے نشاد پر 20 سے 25 لوگوں نے حملہ کیا تھا۔ ناک پر چوٹ لگنے کے بعد خون بہنے لگا، جس کے بعد ان کے ساتھی انہیں ضلع اسپتال لے گئے اور بینڈ یج وغیرہ کروائی۔ اس کے بعد سنجے نشاد اور ان کے ساتھی اسپتال اور پولیس چوکی کے باہر ہڑتال پر بیٹھ گئے۔ سنجے نشاد کے ساتھیوں نے ایس پی مردہ باد کے نعرے لگائے۔ انہوں نے ایس پی کارکنوں پر حملے کا الزام لگایا ہے۔

ای ڈی نے شاہجہاں شیخ کے بھائی اور 2 قریبی ساتھی کو گرفتار کرلیا

کولکاتا، 22/اپریل۔ (یو این آئی) ای ڈی نے شاہجہاں شیخ کے بھائی عالمگیر، شاہجہاں کے دو قریبی شیبو ہزارا اور دیدار بخش ملا کو سندیش کھالی معاملے میں اپنی تحویل میں لیا ہے۔ ای ڈی انتظامیہ نے گزشتہ اتوار کو پوچھ گچھ کے بعد تینوں لوگوں کو حراست میں لیا ہے۔ ان تینوں کو پہلے ہی سی بی آئی گرفتار کرچکی ہے۔ اس سے پہلے 11 اپریل کو تینوں لوگوں کو عدالت میں پیش کرنے کے بعد ای ڈی نے انہیں تحویل میں لینے کی درخواست کی تھی۔ ان سے پوچھ تاچھ کرنے کیلئے ان تینوں کو اپنی تحویل میں لینے کی ضرورت ہے۔ 12 اپریل کو ای ڈی کی خصوصی عدالت نے تینوں کو دس دن کے لیے ای ڈی کی تحویل میں بھیجنے کا حکم دیا۔ 10 دن کی مدت کے بعد عالمگیر کو پیر کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ تینوں نے ضمانت کی درخواست نہیں دی۔ شاہجہاں کے بھائی عالمگیر کو سی بی آئی نے گرفتار کیا تھا۔ دیدار کو بھی سی بی آئی نے گرفتار کیا تھا۔ جب سی بی آئی نے انہیں گرفتار کیا تو شاہجہاں بھی سی بی آئی کی حراست میں تھے۔ عالمگیر اور دیدار کو سینٹرل انٹیلی جنس ایجنسی نے ای ڈی پر حملے کے سلسلے میں پوچھ گچھ کے لیے طلب کیا تھا۔ شاہجہاں کے ایک اور قریبی شیبو کو پولیس نے ای ڈی پر حملہ کرنے اور سندیش کھلی کے مقامی باشندوں پر تشدد کرنے کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔ ان میں سے تین جیل کی حراست میں تھے۔ یہ پہلے سے ہی معلوم تھا کہ تفتیش کاران تینوں کو اپنی تحویل میں لینے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ لیکن جس کیس میں انہیں سی بی آئی یا ریاستی پولیس نے گرفتار کیا تھا اس کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ای ڈی چاہتی ہے کہ شاہجہاں کے بھائی اور ان کے دو قریبی کو راشن بدعنوانی، سندیش کھالی کی زمین پر قبضے اور بھیڑوں کے غیر قانونی شکار سے متعلق معاملات میں پوچھ گچھ کے لیے حراست میں لیا جائے۔ سندیش کھالی اور نجات تھانوں میں 2018 سے 2024 تک خواتین پر تشدد، زمینوں پر قبضے، مقامی باشندوں پر ظلم وجبر کی شکایات میں شاہجہان کے علاوہ شیبو ہزارہ اور دیگر کا نام بھی شامل تھا۔